© rasailojaraid.com



عمدہ کاغذ پر دلکش جلد اور سرورق کے ساتھ کتاب کو حسین انداز میں شائع کیا گیا ہے۔ کتاب ہر حیثیت سے قابلِ مطالعہ اور ہر صاحبِ ذوق کی ضرورت ہے۔

● **نام کتاب: ایک ہفتہ شیخ الہند کے دیس میں** **مصنف: مولانا اللہ وسایا** **مبصر: نعمان سنجرانی**

ناشر: عالمی مجلس تحفظِ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان ضخامت: 192 صفحات قیمت: 150 روپے

اردو ادب میں سفر ناموں کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ لیکن یہ مسافر پر منحصر ہے کہ وہ سفر نامے کو کتنا دلچسپ اور معلومات افزا بنا کر پیش کرتا ہے۔ مسافر کی اپنی شخصیت، ذہنی وفکری وابستگی، تاریخی و سیاسی معلومات، نیز شعر وادب سے دلچسپی اور انشا پردازی اسے اہم بنا دیتی ہے۔

''ایک ہفتہ شیخ الہند کے دیس میں''، مجلسِ تحفظ ختم نبوت کے رہنما مولانا اللہ وسایا کا ۱۱ تا ۱۸ر دسمبر ۲۰۱۳ء کا سفر نامۂ ہند ہے۔ جمعیت علماء ہند کے زیرِ اہتمام ۱۴ر دسمبر ۲۰۱۳ء کو دہلی میں ''امن عالم کانفرنس'' منعقد ہوئی۔ پاکستان سے جمعیت علماء اسلام کے امیر مولانا فضل الرحمٰن کی قیادت میں علماء کا جو وفد کانفرنس میں شرکت کے لیے ہندوستان گیا اس میں مولانا اللہ وسایا بھی شامل تھے۔ مولانا کے اسلوب انشا کی خاص خوبی یہ ہے کہ وہ گفتنی ناگفتنی سب کچھ لکھتے رہتے ہیں اور ہر قسم کے قارئین ان کی تحریروں میں اپنے ذوق کے لیے سامانِ لطف اندوزی تلاش کر سکتے ہیں۔ اس سفر میں وہ ہندوستان کے مختلف شہروں میں گئے۔ امرتسر، لدھیانہ، سہارن پور، دیوبند اور دہلی سمیت جہاں جہاں ان کے قدم پہنچے وہاں کے تاریخی واقعات، اولیاء کرام کے حالات، خصوصاً علماء دیوبند کے مجاہدانہ کارنامے سفر نامے کا حصہ بنتے چلے گئے۔

مجلس احرار اسلام کے ساتھ مولانا اللہ وسایا کی ''محبت'' شہرۂ آفاق ہے۔ جس کا اظہار وہ اکثر اپنی ''راست و شیریں'' تحریروں میں کرتے رہتے ہیں۔ اس کتاب میں بھی محبت کی ایک جھلک موجود ہے۔ مجلس احرار اسلام لدھیانہ کے دفتر میں وفد کے اعزاز میں ایک شاندار استقبالیے کا اہتمام کیا گیا۔ جس کے روحِ رواں مجلس احرار اسلام ہند کے قائد مولانا حبیب الرحمٰن ثانی لدھیانوی تھے، اس کی روداد میں مولانا لکھتے ہیں۔

''خیر سے یہاں انڈیا کی احرار اسلام کی بھی جمعیت علماء ہند سے نہیں بنتی۔ تصادم تو نہیں لیکن باہمی یکجہتی کی کیفیت بھی نہیں'' (ص ۱۹)

مجموعی طور پر کتاب معلومات افزا ہے۔ کئی بزرگوں کے مختصر احوال یکجا ہو گئے ہیں۔ اکابر کے حالات کو پڑھ کر ایمان کو روشنی اور عمل پر استقامت ملتی ہے۔ اولیاء اللہ کے آثار کی تصاویر، خصوصاً امام شاہ ولی اللہ اور ان کے خاندان کے مزارات حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی اور دیگر علماء دیوبند کے مقابر ومزارات کی تصاویر قاری کی دلچسپی میں اضافے کی باعث ہیں۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو جزاء خیر عطا فرمائے۔ (آمین)

☆......☆......☆......☆



© rasailojaraid.com